**A–2–X**

Roll No..............................

Total No. of Questions : **16**]

[Total No. of Printed Pages : **16**

# *10th ARM(SZ)JKUT2024*

# *1002–X*

# *URDU*

**Time : 3 Hours]**

**[Maximum Marks : 80**

## حصہ" الف "

ا۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو اسی عبارت سے چنے ہوئے مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ ۵×۱=۵

تاج محل کا شمار دنیا کے آٹھ عجوبوں میں ہوتا ہے۔ یہ اُتر پردیش کے شہر آگرہ میں دریا جمنا کے کنارے واقع ہے۔ نفیس سنگِ مرمر سے تعمیر یہ روضہ اپنی محبت کی نشانی کے طور پر پانچویں مغل حکمران شاہ

جہاں نے تعمیر کرایا تھا۔ لیکن دُنیا کی خوبصورت ، عجوبۂ روزگار اور محبت کی نشانی کو آج کل متعدد خطرات کا سامنا ہے۔ یہ عمارت تین انچ زمین میں دھنس گئی ہے۔ دوسرا خطرہ یہ ہے کہ ماحول کی آلودگی اس کے حُسن کے لئے خطرہ بن گیا ہے۔

(i) تاج محل ---------- کے کنارے واقع ہے۔

(ii) تاج محل کو ---------- نے تعمیر کروایا۔

(iii) تاج محل کا ------- دنیا کے آٹھ عجوبوں میں ہوتا ہے۔

(iv) آگرہ ریاست ------- کا ایک شہر ہے۔

(v) ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے تاج محل کا ------- متاثر ہو رہا ہے۔

۲۔ شعری جُز کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چن لیجئے : ۵×۱=۵

بنی نوع انسان کا غم خوار آیا

وہ تخلیق عالم کا شاہکار آیا

وہ نبیوں کا سرتاج سردار آیا

خوش اندام آیا خوش اطوار آیا

تو آیا تیرے آنے کی آرزو تھی

نگاہوں کو بس تری ہی جستجو تھی

(i) یہ شعری جُز کس نعت سے لیا گیا ہے ؟

(الف) بنی نوع انسان کا غم خوار آیا

(ب) بنی نوع انسان کا سردار آیا

(ج) بنی نوع انسان کا شاہکار آیا

(د) بنی نوع انسان کا تاجدار آیا

(ii) اس نعت کا شاعر کون ہے ؟

(الف) حالؔی

(ب) غلام رسول نازکی

(ج) رسا جاودانی

(د) اقبالؔ

(iii) تخلیق عالم کا کیا آیا ؟

(الف) تاجدار

(ب) غم خوار

(ج) سردار

(د) شاہکار

(iv) خوش اندام کے کیا معنی ہیں ؟

(الف) خوبرو

(ب) شرمیلا

(ج) خوبصورت جسم والا

(د) خوش خلق

(v) تو آیا اور تیرے آنے کی کیا تھی ؟

(الف) آرزو

(ب) جستجو

(ج) چاہت

(د) خواہش



Kashmir Student Alerts

۴۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ ۵×۱=۵

برس کی اخیر رات کو ایک بڈھا اپنے اندھیرے گھر میں اکیلا بیٹھا ہے۔ رات بھی ڈراونی ہے، اندھیری ہے۔ گھٹا چھا رہی ہے، بجلی تڑپ تڑپ کر کڑکتی ہے۔ آندھی بڑے زور سے چلتی ہے، دل کانپتا ہے اور دم گھبراتا ہے۔ بڈھا نہایت غمگین ہے۔ مگر اُس کا غم نہ اندھیرے گھر پر ہے نہ اکیلے پن پر نہ اندھیری رات پر۔ وہ اپنے پچھلے زمانے کو یاد کرتا ہے اور جتنا زیادہ یاد آتا ہے اتنا ہی غم بڑھتا ہے۔ ہاتھوں سے ڈھکے ہوئے منہ پر آنکھوں سے آنسو بھی بہے چلے جاتے ہیں۔

(i) برس کی کس رات کو بوڑھا گھر میں اکیلا بیٹھا ہے۔

(ii) رات کا منظر کیسا ہے؟

(iii) رات کے وقت کیا کڑکتی ہے؟

(iv) بوڑھا کس زمانے کو یاد کرتا ہے؟

(v) بوڑھے نے اپنے ہاتھوں سے جسم کے کس حصے کو ڈھکا ہے؟

حصہ "ب"

۔ (الف) درج ذیل الفاظ میں سے صرف تین کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کا مذکر یا مونث ہونا واضح ہو جائے: ۳

(i) تنخواہ

(ii) پانی

(iii) شربت

(iv) رومال

(ب) درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے : ۲

(i) کرسی

(ii) والدین

(iii) تصویر

(iv) اسباب

۵۔ دیئے گئے حروف میں سے صرف دو کی تعریف مع مثال لکھیے : ۲+۲=۴

(i) حروف اضافت

(ii) حروف نفرین

(iii) حروف تردید

(iv) حروف ندا

۶۔ ہدایات کے مطابق جوابات لکھئے : ۵x۱=۵

(الف) ''جانے والا واپس کہاں آتا ہے۔'' اس جملے میں جانے والا قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) مفعول

(iii) فعل

(iv) صفت

(ب) ''ندیم ایک قابل لڑکا ہے۔'' اس جملے میں قابل قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) اسم صفت

(iii) اسم نکرہ

(iv) مفعول

(ج) ''کیا شاندار عمارت ہے۔'' اس جملے میں شاندار قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) مفعول

(ii) فاعل

(iii) اسم صفت

(iv) اسم معرفہ

(د) ''تھوڑا سا آٹا لاؤ۔'' اس جملے میں ''تھوڑا سا'' قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟ https://www.jkboseonline.com

(i) فاعل

(ii) صفت مقداری

(iii) مفعول

(iv) فعل

(ہ) ''رشید نے کتے کو مارا۔'' اس جملے میں لفظ رشید قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) فعل

~~(ii)~~ فاعل

(iii) مفعول

(iv) فعل امر

۷۔ درج ذیل محاورات میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے: ۲

(i) آگ بگولہ ہونا

(ii) باغ باغ ہونا

(iii) ایک نہ سننا

۸۔ ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے: ۴

امین ریاضی پڑھاتا ہے

''یا''

احمد کا بھائی ڈاکٹر ہے۔

## حصہ "ج"

۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر نوٹ لکھئے: ۵

(i) ناول

(ii) انشائیہ

(iii) مرثیہ

(iv) رباعی

۱۰۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے: ۵

(i) سیر چوتھے درویش کی

(ii) خوشامد

(iii) حالی

۱۱۔ اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجئے: ۲×۳=۶

(i) کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر

میں بھی کبھو کسو کا سر پُر غرور تھا



Kashmir Student Alerts

"یا"

نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا

مٹے ناميوں کے نشان کیسے کیسے

(ii) مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی

موت آتی ہے پر نہیں آتی

"یا"

اس روشنی کے شہر میں ظلمت کرے گی راج

مجھکو یقین تھا نہ تجھے ہی گمان تھا

(iii) اس نے کتنی لطیف بات کہی

خودشناسی خداشناسی ہے

"یا"

کس کو معلوم ملے خاک میں منظر کتنے

اپنے آئینے چھپاتے ہیں سکندر کتنے

۱۲۔ صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے : ۵

(i) مبارک کون تھا ؟ وہ شہزادے کو کس کے پاس لے گیا ؟

(ii) لڑکے کے لیے گڑیا خریدنا کیوں ضروری تھا ؟

(iii) لکڑہارے نے جنگل میں لکڑی کاٹتے ہوئے کس کی آواز سنی ، اس نے اس سے کیا کہا ؟

(iv) قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالی کا کیا خیال تھا ؟

۱۳۔ صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے : ۵

(i) ہمیں اپنے ماتحتوں سے کس قسم کا برتاؤ کرنا چاہیے ؟ درسی کتاب کے قطعے کی روشنی میں جواب لکھئے۔

(ii) حضرتِ امام حسینؓ نے یزیدیوں سے کیا سوال کیا ؟

(iii) دنیا میں کون لوگ نرمی اور تواضع کو اختیار کرتے ہیں ؟ میر انیس کی رباعی کی روشنی میں جواب لکھئے۔

(iv) اولوالعزمی کے کیا معنی ہیں یہ نظم کس شاعر نے لکھی ہے؟

۱۴۔ درج ذیل ادباء اور شعراء میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے: ۵

(i) میر امن

(ii) مولوی عبدالحق

(iii) غالبؔ

(iv) اقبالؔ

## حصہ "د"

۱۵۔ اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھئے جس میں انہیں پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل کود کی اہمیت سے واقف کرائیں۔ ۶

"یا"

اپنے ضلع کے ترقیاتی کمشنر کے نام بجلی کی ناقص ترسیل کے خلاف شکایتی درخواست تحریر کیجئے۔

۱۶۔ دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر دو سو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے : ۸

(i) کسی صحت افزا مقام کی سیر

(ii) میری زندگی کا مقصد

(iii) موبائل فون کے مضر اثرات

(iv) میرے کشمیر کی ہر شے حسین ہے